سالانہ امتحان | اسلامیات | 2011-2012

حصہ ۔ الف (کثیر انتخابی سوالات)

سوال ا۔ مندرجہ ذیل میں سے صحیح جواب کا انتخاب کریں۔

(۱) انفال کے معنی ہیں۔
(الف) جائیداد (ب) مال و متاع (ج) مال غنیمت (د) نفل پڑھنے والا

(۲) سراجا منیرا کے معنی ہیں۔
(الف) روشن خیال (ب) روشن چراغ (ج) روشن دماغ (د) روشن شہر

(۳) الاحزاب کے معنی ہیں۔
(الف) ایک گروہ (ب) گروہوں (ج) لشکر (د) جنگجو

(۴) اولوالارحام کے معنی ہیں۔
(الف) دوست (ب) دشمن (ج) رشتے دار (د) اغیار

(۵) تصدیۃ کے معنی ہیں۔
(الف) سیٹیاں (ب) تالیاں (ج) افراتفری (د) شور

(۶) حسبک اللہ کے معنی ہیں۔
(الف) اللہ رحیم ہے (ب) اللہ عظیم ہے (ج) تجھ کو اللہ کافی ہے (د) اللہ مہربان ہے

(۷) ________ جنگ بدر میں کفار کے لشکر کا سردار تھا۔
(الف) عتبہ (ب) شیبہ (ج) ابوجہل (د) ابوسفیان

(۸) سورۃ الممتحنہ میں ________ آیات ہیں۔
(الف) 10 (ب) 12 (ج) 13 (د) 15

(۹) سورۃ الانفال میں مال غنیمت کی تقسیم میں ________ حصے بتائے گئے ہیں۔
(الف) پانچ (ب) چھ (ج) سات (د) آٹھ

(۱۰) جمعہ کے روز غسل کرنا ________ ہے۔
(الف) فرض (ب) سنت (ج) واجب (د) مستحب

(۱۱) وضو میں ________ فرائض ہیں۔
(الف) چار (ب) پانچ (ج) آٹھ (ج) نو

(۱۲) خاندان کے دو اہم ستون ________ ہیں۔
(الف) مرد و عورت (ب) میاں بیوی (ج) ماں باپ (د) عزیز و اقارب

(۱۳) ایک جگہ کو چھوڑ کر دوسری جگہ منتقل ہو جانے کو ________ کہتے ہیں۔
(الف) سفر (ب) ہجرت (ج) نصرت (د) سیاحت

(۱۴) سورۃ الممتحنہ میں ________ نے اللہ تعالیٰ سے اپنے باپ کیلئے مغفرت کی دعا مانگی۔
(الف) حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (ب) داؤد علیہ السلام (ج) یونس علیہ السلام (د) ابراہیم علیہ السلام

(۱۵) قرآن کریم میں زکوٰۃ کے ________ مصارف بیان کیے گئے ہیں۔
(الف) آٹھ (ب) بارہ (ج) چار (د) سات

حصہ ۔ ب (مختصر جواب کے سوالات)

نوٹ: مندرجہ ذیل میں سے کسی بھی 9 سوالات کے مختصر جواب تحریر کریں۔ ہر سوال کے 4 نمبر ہیں۔

سوال ۲۔ مندرجہ ذیل آیات میں سے کسی ایک آیت مبارکہ کا مفہوم بیان کریں۔
(الف) وقاتلوھم حتی لاتکون فتنۃ ویکون الدین کلہ للہ ○
(ب) ماجعل اللہ لرجل مین قلبین فی جوفہ ○

سوال ۳۔ سورۃ الانفال میں مال غنیمت کی تقسیم کے بارے میں کیا حکم دیا گیا ہے؟

سوال ۴۔ غزوہ بدر میں مسلمانوں کی نصرت کیلئے نازل ہونے والے فرشتوں کو دیکھ کر شیطان کا ردعمل کیا تھا؟

سوال ۵۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فیصلوں کے بارے میں اہل ایمان کا کیا طرز عمل ہونا چاہیے؟

سوال ۶۔ سورۃ الاحزاب میں قیامت کے متعلق کیا فرمایا گیا ہے؟

سوال ۷۔ سورۃ الممتحنہ میں اللہ تعالیٰ نے ہجرت کر کے آنے والی مومن عورتوں کے بارے میں اہل ایمان کو کیا تلقین فرمائی ہے؟

سوال ۸۔ مندرجہ ذیل احادیث میں سے کسی ایک حدیث کا ترجمہ لکھیں۔
(الف) من تخطی رقاب الناس یوم الجمعۃ اتخذ جسر الیٰ جھنم
(ب) خیر الناس من ینفع الناس

سوال ۹۔ قرآن حکیم کی حفاظت کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ بیان کریں۔

سوال ۱۰۔ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت کیوں ضروری ہے؟

سوال ۱۱۔ قرآن کی روشنی میں علم کی اہمیت بیان کریں۔

سوال ۱۲۔ قرآن وحدیث کی روشنی میں طہارت پر ایک مختصر نوٹ لکھیں۔

سوال ۱۳۔ عائلی زندگی سے کیا مراد ہے؟

حصہ ۔ ج (تفصیلی جواب کے سوالات)

نوٹ: مندرجہ ذیل میں سے کسی بھی 3 سوالات کے جواب وضاحت کے ساتھ تحریر کریں۔ ہر سوال کے 8 نمبر ہیں۔

سوال ۱۴۔ سورۃ الانفال میں تقویٰ کے کیا انعامات بیان ہوئے ہیں؟

سوال ۱۵۔ سورۃ الاحزاب میں طلاق کا کیا خاص حکم بیان ہوا ہے؟

سوال ۱۶۔ درج ذیل حدیث مبارکہ کا ترجمہ کر کے مکمل وضاحت کے ساتھ تشریح کریں۔
من صام رمضان وقامہ ایمانا و احتسابا غفرلہ ماتقدم من ذنبہ

سوال ۱۷۔ اولاد کے حقوق و فرائض کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

سوال ۱۸۔ ہجرت پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔

www.ilmkidunya.com